© rasailojaraid.com



# لاَ اِلٰہَ اِلاّ اللہ

از مکاں تا لامکاں لا الٰہ الا اللہ
سرِ وحدت کا جہاں لا الٰہ الا اللہ

یہ شجر مہر و قمر کائناتِ بحر و بر
سب میں ہے جلوہ فشاں لا الٰہ الا اللہ

اک ردائے نور ہے بس چراغِ طور ہے
رحمتوں کا سائباں لا الٰہ الا اللہ

"سلسلہ در سلسلہ قافلہ در قافلہ"
کارواں در کارواں لا الٰہ الا اللہ

وجہِ موجودات بس اک خدا کی ذات بس
باقی سب ہیں بے نشاں لا الٰہ الا اللہ

ہر قسم حالات میں عالمِ سکرات میں
لب پہ جاری ہر زماں لا الٰہ الا اللہ

کشتی ساحل یہی کائنات دل یہی
دم بدم وردِ زباں لا الٰہ الا اللہ

دبدبہ ایقان کا زمزمہ ایمان کا
اور فانیؔ حرزِ جاں لا الٰہ الا اللہ



© rasailojaraid.com